احمد خان

نشاۃ ثانیہ کے لائبریری اقدام

اسلامی کتب خانوں کا ایک سلسلہ

اس امر کی اشد ضرورت ہے کہ اسلام سے متعلق اس کے سبھی پہلوؤں پر لکھی گئی ہر زبان اور عالم کی تحریرات کو مختلف اسلامی ممالک میں جمع کیا جائے تاکہ ان پر وارد اعتراضات کا مدلل جواب ہی نہ دیا جا سکے ، بلکہ اس کی حقیقی خوبیوں پر گردش زمانہ سے جو گرد پڑ چکی ہے ، اسے بھی جھاڑا جا سکے ۔

ان تحریرات کو مختلف مضامین مثلاً قرآن اور اس کے علوم ، حدیث اور اس کے علوم ، سیرت ، فقہ ، تاریخ وغیرہ پر تقسیم کر کے ان کے تحت مختلف ممالک میں ایک بڑے پیمانے پر کتب خانوں کا ایک سلسلہ عمل میں لانا چاہیے ۔ یہ کتب خانے اپنے اپنے مضمون کی حد تک مکمل اور پھر ہر قسم کے میٹیریل سے لیس ہونے چاہییں اور پھر ان سے استفادہ کرنے والوں کے لیے ہر قسم کی سہولتیں بھی مہیا ہوں ۔ اس عظیم منصوبے کا آغاز سر دست سیرت رسول مقبولؐ سے متعلق تحریرات کے جمع کرنے سے کیا جا سکتا ہے ۔ اس میں کامیابی اس بڑے کام کے لیے تکمیل کا پیش خیمہ ثابت ہو گی ۔

(الف) حوالہ جاتی شعبہ

اس میں سیرت سے متعلق ابتدائی اور بنیادی کتابیں ، انسائیکلوپیڈیا ، علمی لغات اور بڑی بڑی ڈکشنریاں رکھی جائیں ۔ علاوہ بریں اس میں ضروری معلومات کی مستند اور عظیم کتابیں بھی ہوں ۔ یہ شعبہ اندرونی اور بیرونی ذرائع سے آمدہ سوالات کے جوابات بھی دے گا ۔

(ب) عام شعبہ

اس میں تمام کتابیں جو سیرت سے متعلق جمع کی گئی ہیں ۔ وہ رکھی ہوں گی ۔

(ج) مائکروگراف سیکشن

حالات کی مجبوریوں اور مختلف مسائل کی بدولت اس کتب خانے میں ناممکن الحصول مواد کو مائیکرو فلم ، فوٹو سٹیٹ اور مائیکروفش صورت میں حاصل کیا جاتا ہے ۔ ان سے استفادے کے لیے ایک الگ شعبہ ہو گا جس میں مائیکرو فلم ، فوٹو سٹیٹ وغیرہ بنانے کا انتظام بھی ہو گا ۔ اس مواد سے استفادے کے لیے مختلف آلات بھی اسی سیکشن میں ہوں گے ۔ ضرورت مند حضرات کو مطلوبہ مواد کی مائیکروفلم یا فوٹو سٹیٹ موقع پر ہی تیار کر دی جائیں ۔

چونکہ اس کتب خانے میں دنیا بھر کی زبانوں میں مواد موجود ہے ، اس لیے اس سے استفادے کے لیے ان زبانوں کی تعلیم ضروری ہے ۔ اسی شعبے میں سر دست اشد ضروری زبانوں کی تدریس کے لیے ایک مختصر سی درس گاہ قائم کی جاسکتی ہے ۔ جس میں ان زبانوں کی تدریسی کتابوں کے ٹیپ رکھے جائیں ، جن کی مدد سے تدریسی ایک چھوٹے سے پیمانے پر عمل میں لائی جا سکتی ہے ۔

(د) شعبۂ مجلات

سیرت النبی اور دیگر متعلقہ علوم کے بارے میں دنیا بھر کے رسائل میں دھڑا دھڑ مواد چھپ رہا ہے ۔ اس کا حصول ، تنظیم اور طالبین تک پہنچانے کا کام اس شعبے کے ذمے ہو گا ۔ یہی شعبہ بعد میں مجلات و رسائل میں شائع ہونے والے سیرت سے متعلق مواد کا انڈیکس بھی تیار کر سکتا ہے ۔

(ہ) عجائب گھر

یہ کتب خانہ اس امر کا مقتضی ہے کہ اس میں کئی قسم کی نادر کتابیں ، مختلف قسم کی اشیاء اور ایسی چیزیں جمع کی جائیں جن کا رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت سے ایک گونہ تعلق ہو اور وہ عجائب روزگار بھی ہوں ۔ انہیں افادہ عام اور طالبان کے قلب و روح کو طراوت پہنچانے کے لیے ایک خاص کمرے میں سجایا جائے ۔

(و) شعبۂ ترجمہ

ہر شخص کے لیے بیک وقت کئی زبانوں کا ماہر ہونا ناممکن نہیں تو

دشوار ضرور ہے ۔ ایسے محققین جو اس مواد سے مستفید ہونا چاہیں ۔ جس کی زبان سے وہ ناواقف ہوں تو ان کی مدد کے لیے سیرت لائبریری پیچھے نہ رہے ۔ اس کے اندر ایک شعبہ قائم کیا جائے ، جس میں دنیا بھر کی زبانوں کے ماہرین کی جزوقتی یا ہمہ وقتی خدمات حاصل کی جائیں جو دور و نزدیک کے ایسے طالبین کے لیے مختلف زبانوں میں ترجمہ کریں ۔ یہ خدمات اس کتبخانے سے مستفید ہونے والے مقامی و غیر مقامی سبھی حضرات تک نہ بڑھائی جائیں ۔